اس مصرعے میں کر کا (رے) اور رہا کا (رے) ہم آواز ہیں اور متصل ہو گئے ہیں اور تقطیع کرتے وقت دونوں حروف الگ الگ ارکان میں آتے ہیں۔

تقطیع :۔ رلا کر۔۔فعولن۔۔رہا کر۔۔۔فعولن

دیکھیں کر کا (رے) پہلے فعولن میں آ ہے اور رہا کا (رے) دوسرے فعولن میں

یہ تنافرِ روا یہ تنافر بعید المخارج کہلائے گا۔

ع ۔مرے مزاق کو نہ وہ سمجھ سکا.

اس مصرع میں مزاق کا(ق)اور کو کا(ک)متصل ہوئے ہیں یہ دونوں حروف ہم آواز تو ہیں لیکن ہم شکل نہیں اس لئے اس تنافر کو بعید المخارج کہیں گئے۔یہ صوتی آہنگ مجبوری کی صورت میں جا ئز ہے۔

ایطاء

ایطا عروضی عیب اور مشرقی شعریت کی اِصطلاح ہے، اِسے شائیگان بھی کہتے ہیں۔ایطاء قافیوں میں کلمہءِ آ خر کی تکرار کا نام ہے اِس کی دو قسمیں ہیں ا۔ایطائے جلی ۲۔ایطائے خفی۔

ایطائے جلی:۔ ہمیشہ مر کب الفاظ میں ہوتا ہے مفرد میں نہیں۔ا گر کلمہءِ تکرار کو قافیے سے ہٹا دیا جائے تو جو کچھ باقی بچے وہ الفاظ با معنی ہوں اور ان میں حرفِ روی قائم نہ ہو سکے تو ایطائے جلی واقع ہوتا ہے۔پہچاننے کا طریقہ:۔

مثال نمبر ا:۔ اگر آپ سمجھ دار اور جان دار کو قافیہ بنائیں ان میں ''دار'' حرفِ تکرار ہے اگر دونوں لفظوں سے دار ہٹا دیں تو باقی بچے گا ''جان'' اور ''سمجھ'' جان میں آخری حرف (ن) اور سمجھ میں آخری حرف (جھ) ہے۔جان اور سمجھ میں حرفِ روی قائم نہیں ہو سکتا اور یہ ایک دوسرے کا قافیہ نہیں ہوسکتے۔اسے ایطائے جلی کہتے ہیں۔

مثال نمبر۲:۔اگر مطلع میں جفاگر اور ستمگر قافیے رکھے جائیں ،ان کے آخر میں ''گر'' کلمہءِ تکرار ہے یہ دونوں مرکب الفاظ ہیں ان کو مفرد بنانے کے لئے دونوں کے آخر سے ''گر'' ہٹائیں تو باقی بچے گا جفا اور ستم یہ دونوں الفاظ با معنی ہیں لیکن ان دونوں کے حرفِ روی مختلف ہیں جفا میں آخری حرف الف ہے اور ستم میں ''میم'' اِس لئے یہ دونوں ایک دوسرے کا قافیہ نہیں ہوسکتے یہ ایطائے جلی ہے۔

بقول سیماب اکبر آبادی اگر قافیے سے حرفِ روی کو حذف کرنے کے بعد باقی بچنے والے الفاظ با معنی رہیں تو ایطا ہے ورنہ نہیں۔

ایطائے خفی:۔ ایطائے خفی صرف مفرد الفاظ میں ہوتا ہے۔ یہ قافیہ کی تمام شرائط کو پورا کرتا ہے ،یعنی مطلع کے دونوں قوافی میں حرفِ روی کا اعلان موجود ہوتا ہے لیکن دونوں قوافی میں حرفِ روی سے پہلے ایک یا ایک سے زیادہ حروف کی تکرار موجود ہوتی ہے۔

پہچاننے کا طریقہ

مثال کے طور پر اگر آپ مطلع میں ہلچل اور آنچل کو قافیہ بنا لیں تو یہاں ایطائے خفی کا عیب واقع ہو جائے گا۔ کیونکہ یہاں لام سے پہلے ''چ'' کی تکرار موجود ہے۔ اصل حرفِ روی ''چ'' ہے اور آپ لام کے ساتھ ''چ'' کو لانے کے پابند ہیں۔ اب اگر آپ بعد میں آنے والے اشعار میں پاگل، بوجھل، اور دلدل وغیرہ قوافی لائیں گے تو قاری کا ذہن الجھے گا وہ سمجھے گا کہ یہ قوافی ہلچل اور آنچل کی صوتی حالت پر پورا نہیں اُترتے اسے ایطائے خفی کہتے ہیں۔

تعقید:۔ اگر کلام اپنے معنوں پر بظاہر دلالت نہ کر سکے تو یہ عیب سمجھا جائے گا جسے تعقید کا نام دیا گیا ہے۔ تعقید کی دو قسمیں ہیں۔ تعقیدِ لفظی اور تعقیدِ معنوی۔

ا۔ تعقیدِ لفظی:۔ الفاظ کی تقدیم و تاخیر اور وصل وفصل کے باعث کلام میں خلل واقع ہو تو تعقیدِ لفظی کہلاتا ہے۔ غالب کا یہ شعر اِس کی مثال ہے۔

دیتا نہ اگر دل تمہیں دیتا کوئی دم چین
کرتا جو نہ مرتا کوئی دن آہ و فغاں اور

شعر کا اصل مطلب یہ ہے کہ اگر تمہیں دل نہ دیتا تو کوئی دم چین دیتا اور اگر نہ مرتا تو کچھ دن اور آہ و فغاں کرتا۔ لیکن دونوں مصرعوں میں الفاظ کی تقدیم و تاخیر کی وجہ سے مطلب کو سمجھنے میں دُشواری پیش آ رہی ہے۔

۲۔ تعقیدِ معنوی:۔ اگر عبارت میں خیالات بے ربط اور مبہم ہوں یا مشہور قصّہ یا کسی طرح کی ایسی مشکل بات لکھی جائے جس کو بہت زیادہ غور کئے بغیر سمجھا نہ جا سکے اِسے شعری عیب سمجھا جاتا

ہے۔ جسے تعقیدِ معنوی کہتے ہیں۔ جیسے غا .

الف بیش نہیں صیقلِ آئینہ ہنوز

چاک کرتہ ہوں میں . سے کہ یباں سمجھا

شاعر کا مطلب یہ ہے کہ صیقل سے جو خط آ ئینہ پ پڑتہ ہے وہ ہُو بہُو الف کی ما ہوتہ ہے۔ جیسے آئینہ بھی الف کی مشق کر رہا ہو۔ یعنی ہنوز روزِ اوّل ہے۔ اپنا چاک یباں بھی بصورتِ الف تھا، اس کی سینکڑوں ش . ل گئیں تو معلوم ہوا عشق یبان دَری میں آئینہ مُبتدی ہے اور شاعر منتہی۔ (تسنیمِ فصا - والعروض)

شُتر گُربہ یا اختلافِ ضمائر

شُتر گُربہ سے مراد کسی شعر میں کسی ا شخص یا چیز کے متعلق تعظیم اور تحقیر دونوں قسم کے الفاظ استعمال کرنہ ہے۔ اس عیب کو شُتر گُربہ اس لئے کہتے ہیں کہ اونٹ اور بلّی میں جو فرق ہے وہی صیغہء جمع ومفرد اور کلماتِ تعظیم و تحقیر میں بھی ہے۔ جیسے

تیری . توں کا کیا ٹھکانہ ہے

آپ کا شا کی اِک زمانہ ہے

اس شعر کے پہلے مصرع میں (تیری) کلمہءِ تحقیر اور دوسرے مصرع میں (آپ) کلمہءِ تعظیم ہے۔ اِن دونوں کا اجتماع شُتر گُربہ کہلاتہ ہے جو بہت معیوب ہے۔ اِسی طرح کسی شعر میں ہمارا اور میرا، تمہارا اور تیرا، میں اور ہم، وغیرہ قسم کے الفاظ کا اجتماع شُتر گُربہ ہے۔

نقصِ تکرارِ ردیف

نقصِ تکرارِ ردیف یا تقابلِ ردیفَین یہ ہے کہ شعر کے پہلے مصرع میں ردیف تو موجود ہو لیکن قافیہ نہ ہو۔ جیسے۔

تبسم کی سزا کتنی ڑی ہے

گُلوں کو کِھل کے مُرجھانہ پڑا ہے

پہلے مصرع میں (ڑی) پڑا کا قافیہ نہیں لیکن ردیف 'ہے' دونوں مصرعوں میں موجود ہے۔

مخالفت قیاسِ لُغوی

ا۔محاورہ اہلِ ز ب ن ی قاعدہ صرف ونحو کے خلاف کوئی لفظ اِستعمال کر ن مخالفتِ قیاسِ لُغوی کہلا ت ہے۔مثلاً کسی لفظ کا اضافہ کر ی ن جیسے ا۔ابنِ اِ کا یہ مصرع

ع۔اپنے گیلاس شگوفے میں کریں گے حاضر

اردو کا محاورہ گلاس ''ی'' کے بغیر ہے۔اِس اضافے کو مخالفتِ قیاسِ لُغوی کہتے ہیں۔

۲۔کوئی حرف اصل میں سے خارج کر دینا مثلاً عبرت کے اِس شعر میں کلاں کا نون غنہ ا کر وفا کا قافیہ کیا َ ی ہے۔

ولیکن جتنے واں خورد و کلاں ہیں
ب ث نِ عاشقاں اہل ِ وفا ہیں

۳۔حرفِ مشدّد کو بغیر تشدی کے استعمال کر ن جیسے میرا

ع۔کرار ہے وہ شخص یہ غیر فرار ہے

کرّار اور غیر فرّار محاورہ ہے۔ان دونوں لفظوں میں رائے مہملہ اوّل پ تشدی ہے۔بغیر تشدی ن ھنا مخالفت، قیاسِ لُغوی ہے۔

۴۔غیر مشدّد کو تشدی کے ساتھ لا ن جیسے میر حسن ے

اَ چہ وہ بے فکر و غیّور ہے
ولے پ ورش ب کو منظور ہے

غیور دراصل شعور کے وزن پ ہے۔غیور کے (ی) کو مشدد کرنے سے مخالفتِ قیاسِ لغوی کا عیب واقع ہوا

۵۔الف ممدودہ کو مقصور استعمال کر ن ۶۔حرفِ مقصور کو ممدودہ پ ڑھنا جیسے ن سخ

ع۔دل مُلک آنگر ی ن میں جینے سے تنگ ہے۔لفظ انگر ی ز کو رنگر ی ز کے وزن پ بولنا چاہیئے۔

۷۔ساکن حرف کو متحرک لا ن۔

جیسے درج ذیل شعر میں کے (ق) ساکن کو متحرک ب ن ھا َ ی ہے۔

لوگ . بیدار ہوتے ہیں یہاں
. . لگتی ہے دیواروں کے نیچ

۸۔حرف متحرک کوساکن لا ۔جیسے ہوس۔ ع۔وہ بےغم و بےفسوں و بےقلق

"قلق" کےلام پر ز. لا. لازم ہے۔

۹۔فکِ اضافت:۔یعنی اضافت کوساقط کردینا۔جیسے میر تقی میر

ع۔عاشق غیور جی دےاور اِس طرف نہ دیکھے

اِس مصرع میں عاشقِ غیور کی اضافت . ف کردی گئی ہے۔

توالیءِ اضافت

چاراضافتوں کا پے در پے ا مصرع میں آ ۔چار اضافتیں فارسی کی ہوں یہ اردو کی غزل میں . جا ہیں۔غزل کے علاوہ مثنوی اور قصیدے میں چار اضافتیں جا ہیں۔

غرابتِ لفظی

غرابتِ یہ ہے کہ غیر مانوس اور ثقیل الفاظ کا استعمال کر جیسے اِ کی غزلوں میں بھُسنڈ، ہار اور چوتھے کنڈ وغیرہ الفاظ کا استعمال۔

اِقواء

حرفِ روی سے پہلے حرف کی حر کا مختلف ہو اِقواء کہلا ہے اور اس حر کو حرکتِ توجیہہ کہتے ہیں۔ جیسے ہلچل، اور منزِل دو قافیے ہیں جن میں لام حرفِ روی ہے ہلچل میں لام سے پہلے ''چ'' مفتوح ہے یعنی اِس پر ز. ہے اور منزل میں لام حرفِ روی سے پہلے ''ز'' مکسور ہے یعنی اس کے نیچے ز ہے اس اختلاف کو اقواء کہتے ہیں۔مثال دیکھئے۔

یہ سودا تو دیکھو کہ دل بیچتا ہے
لے شیشے کو زیرِ بغل بیچتا ہے

پہلے مصرے میں دل قافیہ ہے اور" د "کے نیچے زیر ہے جبکہ دوسرے مصرع میں قافیہ بغل کی "غ" پر زبر ہے۔
سودا کا ایک اور شعر دیکھئے:۔

تھے جو واں اِس میں آ کر گھِر گئے
تھے جو واں وہ کنارہ کر گئے

اِس شعر میں "گھِر" مکسور ہے اور "کر" مفتوح۔

اِکفاء

یہ بھی قافیہ کا عیب ہے۔اختلافِ روی کا نام اکفاء ہے۔جو قافیہ کا بدترین عیب ہے۔ نہ صرف آج کے دور میں بلکہ اساتذہ قدیم کے دور میں بھی یہ اختلاف اور عیب شیرِ مادر سمجھا گیا ہے۔ جیسے میر ضیا الدین عبرت کا یہ شعر

ہے وہ آہن کو ہے بتخصیص کھینچے
سنگ سنگ مقناطیس کھینچے

پہلے مصرع میں حرفِ روی (ص) ہے اور دوسرے مصرع میں (س) اسی طرح اگر آس اور خاص کائنات اور بساط مخصوص اور مایوس کو بطور قافیہ لایا جائے تو اِکفاء کا عیب واقع ہوگا۔بطور مثال سودا کا شعر دیکھئے۔

الغرض اِس طرح سے کُشتی لڑ
ڈال پٹکا گلے کا پؤں پر

اِس شعر میں "ر" کو "ڑ" کا قافیہ بنایا گیا ہے

اِجازہ

یہ قافیہ کا عیب ہے۔حرفِ روی کو قریب المخرج حرف سے بدل دینا اِجازہ کہلاتا ہے۔جو اَز روئے لُغت محاورہ غلط ہے۔مثلاً خبیث اور نفیس کو بطور قافیہ کرنا۔ان دونوں میں صوتی

آہنگ تو ہے لیکن ملفوظی نہیں۔

اتصال بعدِ سقوط

اَ دو ہم مخرج حروف درمیانی حرف کے تقطیع میں گر جانے سے آپس میں مل جا تو اس عیب کا نام اتصال بعدِ سقوط ہے۔ مثلاً ع۔ کہ اَب دم آ یا آنکھوں میں میرا اس مصرع میں دیکھو! میں کی (ے) تقطیع سے گر گئی اور نون غنہ بھی تقطیع میں نہیں آیا اب صرف میم باقی رہ گیا اس کے بعد والا حرف بھی میم ہے دونوں میم مل گئے اس طرح ممیرا پڑھنے میں آتا ہے۔

اِبتذال

(ذلیل ہونا، سطحی پَن، عامیانہ پَن)

یہ شعری وہ ی اصطلاح ہے کلام میں غیر مہذب الفاظ، سوقیانہ اور بازاری الفاظ لانا یا ایسا کلام لکھنا جس کا مضمون شائستگی سے بعید ہو اِبتذال کہلاتا ہے۔ اِبتذال نقصِ کلام کی فہرست میں شامل ہے۔

ضعفِ تالیف

یعنی محاورے کے خلاف الفاظ کا استعمال کرنا یا ضمائر و حروفِ ربط کو ایسی تقدیم و تاخیر سے لانا کہ کلام روزمرہ اہلِ زبان کے خلاف ہو جائے۔ ضعفِ تالیف اور تعقید میں یہ فرق ہے کہ ضعفِ تالیف مخصوص ہے محاورے کے لئے اور تعقید عام ہے محاورہ ہو یا نہ ہو مثلاً میر

لیکے نالوں کے علم ہم بھی ضرور آ گے
ہو گی جس روز محرم میں ترے گھر محفل

محفل و مجلس گو مترادف الفاظ ہیں لیکن محاورے میں محرم کی مجلس ہے محفل نہیں۔

تغیّر

الفاظ کو بصورتِ د استعمال کرنا جیسے آتش نے لفظ المضاعف کا حُلیہ بگاڑ دیا ہے اور یہ

. تین عیب ہے۔شعر دیکھئے ۔

ے زہر پہیز ہو یَ مجھ کو
درد درماں سے المضاف ہوا

حشوِ قبیح

حشوِ قبیح اس حرفِ زائ کو کہتے ہیں جس کے نکال ڈالنے سے شعر کے معنوں میں فرق نہ آئے۔جیسےے

ہم کو مٹا چکا فلکِ ظُلم آفریں
اب تم مٹا رہے ہو ہمارے مزار کو

اِس شعر کے پہلے مصرع میں ہم (حشوِ قبیح) ہے یعنی زائ ہےاَ اس کو نکال دی جائے تو بھی شعر کے معنوں میں کوئی فرق نہیں پڑھتا کیو دوسرے مصرعے میں ہمارے کا لفظ موجود ہے۔دونوں جگہ ای ضمیر کو بلا ضرورت لا حشو میں داخل ہے۔ہم کو کی جگہ (پہلے) لکھ دی جائے تو نہای مناہ ہوگا۔

میں مثال دیکھئے:۔میرا خیال ہے کہ اب ہمیں واپس لَوٹنا چاہیئے۔اِس عبارت میں ''واپس'' حشو ہے۔صرف لَوٹنا کہہ دینا کافی ہے کیو لوٹنا میں واپسی کا مفہوم موجود ہے۔

۲۔اَ زی میری مدد نہ کرت تو میں کبھی بھی یہ کام نہ کرسکتا۔اس فقرے میں ''بھی'' حشو ہے کبھی نہ کرسکتا کہنا کافی ہے۔

تطویل

یہ اس عیب کا م ہے کہ ای ہی لفظ بہ تکرار اس طرح کیا جائے کہ اَ اس تکرار میں سے ای لفظ کو نکال دیں تو معنے میں فرق نہ آئے۔مثلاً

چل چل چل چل

بہت دور منزل ابھی ہے مسافر

اسی طرح تکرارِ معنوی بھی تطویل میں داخل ہے۔ مثلاً

گنہگار ' عاصی ' خطا وار ہوں

اعانت کا تُجھ سے طلبگار ہوں

اس میں دو لفظ زائد واقع ہوئے ہیں۔ تطویل اور حشو میں یہ فرق ہے کہ حشو عام الفاظ میں آتا ہے اور لفظ کے نکال دینے سے معانی میں فرق نہیں آتا اور تطویل میں تکرار لفظی اور معنوی ہوتا ہے۔

اَخلال

یہ اس عیب کا نام ہے کہ شعر میں اتنے الفاظ کم ہوں اور اُن سے مطلب پورا نہ ہوتا ہو اور قرینہ بھی حذف کا نہ پایا جائے۔ مثلاً

بےوفا تم ہی سہی میں بے وفا

فائدہ فرمایئے تکرار میں

مصرع ثانی کا مضمون یوں ہونا چاہئے تھا کہ فرمایئے تکرار میں کیا فائدہ ہے چونکہ تمام الفاظ مصرع میں نہ آسکے اس لئے شاعر نے عجزِ طبع کا مظاہرہ کرتے ہوئے کیا ہے کے الفاظ حذف کر دیئے ہیں۔ اور شعر کے مفہوم میں فرق واقع ہو گیا۔

معمول

معمول قافیہ کا عیب ہے اگر ایک جگہ قافیہ لفظِ واحد ہو اور دوسری جگہ ترکیب سے حاصل ہو تو اس عیب کو معمول کہتے ہیں۔ یہ دو طرح پر ہے۔ ایک ترکیبی اور دوسرا تحلیلی معمول ترکیبی یہ ہے کہ قافیہ پورے دو کلموں سے مرکب ہو مثلاً مومن ؔ

ایک دن جی زیادہ بھر آیا

جانِ بےتاب کو نہ صبر آیا

تحلیلی یہ ہے کہ ایک لفظ کے ٹکڑے کرنے سے قافیہ حاصل ہوتا ہے یعنی ایک لفظ کے ایک جُزکو قافیہ

میں شمار کریں اور ا یـ جُز کو ردیف میں داخل کریں۔ جیسے۔ پیش آنی اور پیشانی، آئی نہ اور آئینہ مثال کے طور پر ذوق صاحب کا یہ شعر دیکھئے۔

ساقیہ ہوں جو صبوحی کی نہ عادت والے
صبحِ محشر کو بھی اُٹھیں نہ ترے متوالے

فُصحا کے فیصلے

''جو'' بمعنی اگر لکھتے وقت واؤ کا ساقط نہ کرنا اور اسمِ اِشارہ کے معنی میں (جو) کے واؤ کا قائم نہ رکھنا بالکل غلط ہے۔ دورِ حاضر میں اِس قسم کی غلطیاں عام ہو چکی ہیں۔ مشاہیر بزمِ شہرت فصاحت کا بے دریغ خون بہانا اپنا حق سمجھنے لگے ہیں۔ یہ رجحان قابلِ افسوس ہے۔

مہمَل: مہمَل گوئی یا کلامِ بے معنی بہت بڑا عیب ہے۔ وہ یہ کہ شعر موزوں ہو اور قافیہ بھی درست ہو اُس کے معنی جو شاعر نے اپنے ذہن میں تجویز کر لئے ہوں الفاظ سے پیدا نہ ہوتے ہوں۔ مثلاً

ہے یہ تلاشِ متصِل شمعِ جہاں افروز ہے
توسنِ اِدراکِ انساں کو خرام آموز ہے

غیر مربوط کلام یا دولخت: یہ اُس عیب کا نام ہے کہ شعر کے دونوں مصرعے با معنی ہوتے ہوئے بھی آپس میں مربوط نہ ہوں۔ جیسے

ہے شکست اِتمام غنچے کا سبو گُلزار میں
سبزہ و گُل بھی ہیں مجبورِ نمو گُلزار میں

دونوں مصرے بے ربط ہیں۔ جیسے پہلے مصرعے میں یہ کہا گیا کہ غُنچے کا سبُو کسی دن ٹُوٹ کر رہے گا لیکن دوسرے مصرعے میں یہ کہا گیا ہے کہ سبزہ و گُل بھی نشو و نما پانے پر مجبور ہیں مصرع اوّل صاف طور پر اِس بات کا متقاضی ہے کہ مصرعِ ثانی میں بھی کسی درد انگیز انقلاب کا اِظہار کیا جائے۔

افعال کا غلط استعمال: ہوں، ہے، ہو، ہیں، تھا، تھی اور تھے وغیرہ کو مصرع کے شروع میں لکھنا شدید عیب ہے اِسی طرح مصرع کے شروع میں چل کر، مر، ڈر، فعل امر کا اِستعمال بھی غلط ہے۔ کر کے، ڈر کے، مر کے، وغیرہ بھی مصرع کے شروع میں تعقیب کا .. ہیں۔ اِن افعال کو مصرع کے شروع میں لا قرینہ کے خلاف ہے۔ جہاں یہ عیب ہو گا وہاں نقصِ روانی ضرور پیدا ہو جائے گا جیسے

ے ہوں قلم کار مجھے آج کرو وقفِ نشیب
تم مری رفعتِ پندار سے اِنکار کرو

اضافتِ فارسی بہ لفاظِ اُردو: اُردو الفاظ کے ساتھ فارسی اضافت بھی سرا سر معیوب اور جائز ہے۔ بعض شاعر اِس سے بھی پرہیز نہیں کرتے۔ جیسے

ع۔ میری وحشت لے چلی ہے سوئے ویرانہ مجھے

ویرانہ مضاف الیہ قافیہ کی حالت میں وارد ہوا ہے اگر قافیے کی حالت نہ بھی ہوتی بھی اُردو لفظ کے ساتھ اضافتِ فارسی جائز ہے (سوئے ویرانہ) تقطیع میں ویرانہ ہو کر مورد ہوئے اِس وجہ سے اضافتِ فارسی جائز ہے۔

نقصِ داخلہ: یہ ہے کہ مصرع اوّل کے آخر میں 'لیکن، ورنہ لا' تو اِس قسم کے لفظوں کو پہلے مصرع سے نکال کر دوسرے مصرع میں شامل نہیں کریں گے شعر کی نہیں ہو سکتی۔ مثلاً

شہروں میں تُجھ سا ایک بھی چہرہ نہیں
فرصت کہاں کہ اب تیرے گاؤں کو ڈھونڈتے
زخموں سے بھرا جسم ہوں ناسور ہوں لیکن
حالات سے لڑتے ہوئے ہمّت نہیں ہاری
تیری چاہت سے نگاہوں میں حیا تھی ورنہ
کتنے منظر تھے گنہ گار بنانے والے

واؤ کو کھینچ کر پڑھنا: گاؤں، پاؤں، چھاؤں ہندی الفاظ ہیں اِس قسم کے الفاظ کا واؤ کھینچ کر بر

وزنِ فعلُن پڑھنا غلط ہے اِسے بَروزن فعل پڑھنا چاہیے۔ جیسے

ع۔ فُرصت کہاں کہ اب تے گاؤں کو ڈھونڈیئے

یہاں گاؤں بَروزن فعلُن استعمال ہوا ہے۔ اِسی طرح الاؤ، بناؤ، داؤ، وُد وَ وغیرہ کے لئے بھی یہی اصول ہے۔ دیکھئے احسان دانش نے کتنے خوبصورت انداز سے صحیح طرح سے اِن الفاظ کو ہا ہے۔

ے کُچھ لوگ جو سوار ہیں کاغذ کی ؤ پ

تہمت اشتے ہیں ہوا کے دوَ پ

دونوں قافیے بَروزن فعول استعمال کیئے گئے ہیں اَ وزنِ فعولُن لائے جاتے تو غلط ہو جاتے۔

محاسنِ کلام

کلام میں حُسن پیدا کرنے لے لئے لازم ہے کہ عیوبِ فصاحت سے پرہیز کیا جائے اور زبان کی صحت کا خیال رکھا جائے۔ چُست بندش، لطافت، اور شعریّت محاسنِ شعری کا لازمی حصّہ ہیں۔

ے چُست بندش نہ ہو لُطفِ بیاں آنہیں

شعر کی زبان بول چال سے پوری مطابقت رہو۔ بول چال کے قریب تر ہو شعر حشو وزوائد سے اِس حد پاک ہو کہ بناتے وقت کوئی لفظ کم نہ کیا جا سکے۔ لفظوں کی ومنا تنم موسیقیّت کے معیار پر پوری اُتی ہو سہلِ ممتنع سے بھی یہی مراد ہے کہ شعر کی کرنے میں دقّت نہ ہو کلام میں از واختصار سے کام لیا جائے یعنی شعر میں کم سے کم الفاظ لائے جا ۔ جن زمینوں میں فعل بطور ردیف نہیں آ اُن میں عموماً تقدیم و تاخیر کا اِمکان ہو ہے پھر بھی یہ کوشش شرط ہے کہ زمین عام بول چال کے قریب تر ہو فعل کا درمیان آ اِس خاص وصف کے منافی ہے۔ غزل کی زبان میں یہ بات بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ بازاری پھبتیاں، بازاری محاورے اور بازاری الفاظ کی ہر صنف میں مضحکہ خیز ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں رفعتِ خیال، جدّتِ مضامین اور لُطفِ تشبیہ واستعارا سبھی محاسنِ شعری میں شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆

علمُ البیان

علمِ بیان سے مرادوہ علم ہے جس کے جاننے سے ہم ای ہی مطلب کومختلف طر ں سے ادا کر سکیں اوران میں سے بعض طر دوسروں کے مقابلہ میں زیادہ واضح ہوں۔محض بہت سے ہم معنی الفاظ (مترادف) کا جان ۔ علمِ بیان نہیں مثلاً ای شخص یہ جا ہے کہ سورج کے لئے ہم معنی الفاظ مہر، خورشید، شمس اور آفتاب ہیں۔ا کوئی اس کے علاوہ بھی بہت سی اَشیا اور بہت سی صفات کے لئے بہت سے ہم معنی الفاظ جا ہو پھر بھی ہم اسے عالمِ بیان نہیں کہہ ۔ عالمِ بیان وہی ہے جو ت کو فصیح ا ازمیں پیش کرے اور فصا ت و بلا ت کی اونچ نیچ جا ہو۔فصا ت و بلا ت کو سمجھنے کے لئے یہ جاننا ضروری ہے کہ تشبیہ، استعارہ، کنایہ، مجاز مُرسل اور تلمیح وغیرہ کیا ہیں ۔کیو کلام میں فصا ت و بلا ت پیدا کرنے کے اہم ذرائع یہی ہیں۔مثلاً سورج کو مہر، شمس، خورشید ی آفتاب کہنا تو علمِ بیان نہیں اسے سونے کا طشت کہنا علمِ بیان کا اِظہار ہے۔اسی طرح سخی، کریم، جَوّاد ۔ ہم معنی الفاظ ہیں اِن کا جاننے والا عالمِ بیان نہیں بلکہ عالمِ بیان وہ ہے جو یہ جا ہو کہ ای بہت زیادہ سخاوت کرنے والے آدمی کو زمانے کا حاتم کہنا زیادہ فصیح ہے۔

فصا ت

(پ کیزگی، صفائی، الفاظ کا بَرمحل استعمال)

کلام میں عموماً دو اِصطلاحیں استعمال ہوتی ہیں۔بلا ت اور فصا ت بلا ت کی کیفیت subjective ہے یعنی اِس کا واسطہ معنی سے ہے اور فصا ت کی کیفیّت objective ہے یعنی اس کا تعلق الفاظ سے ہے تیب، محاورہ، روزمرہ، وغیرہ کا بَرموقع اور مقتضائے حال استعمال

فصا   ت کہلات ہے۔یعنی ایسا کلام جواس ز ٰن کے روزمرّ ہ کے موافق ہواور تنافر: غرا ٰ ت‘ تعقید ‘ضعفِ ت لیف‘ شترگُر بہ‘ قیاسِ لغوی کی مخالفت وغیرہ جیسے عیوب سے پ ک ہو فصیح ہے اور یہ وصف فصا   ت کہلات ہے۔گوی منا ٰ اور بے عیب عبارت میں ٰ ت کر فصا   ت ہے۔

بلا   ت

(اَث آفرینی‘ کلام کا سریع الفہم ہو)

بلا   ت کلام کا وہ حُسن ہے جو قاری ی سامع کو شاعر‘ نثّار ی خطیب کے ذہن کے قری ٰ کر دیتا ہے ظاہر ہے ایسا کلام عیوب سے پ ک ہوگا۔ بلا   ت کا تعلق اَ   چہ مضمون و معنی سے ہے لیکن ہر بلیغ کلام اپنے ا رفصا   ت کی لازمی صلاحیّت ر ت ہے۔ کلامِ بلیغ ت سیلِ معانی کی وہ فطری قوّت اپنے ا رر ت ہے جس کی ٰ و ت عبارت کا مفہوم و معانی تیزی کے ساتھ ذہنِ سامع ت منتقل ہوجا ت ہے۔

ایمائیّت (اِشارہ   ئی بہ کنایہ)

کلام میں واقعات و واردات پ محض فکری اشارے دے کر آگے ٰ ڑھنا ایمائیّت ہے لیکن یہ اشارے اِس قدر تخلیقی اور شعلہ پ داز ہوتے ہیں کہ ت بیّت ی فتہ ذہن کا منِ خیال بھڑک اُٹھتا ہے۔ اُس کے پ دہءِ شعور پ بیانِ واقع کا پورا نقشہ اُبھر آ ت ہے۔

صنایع ٰ ایع

صنعتِ مراعاتُ النظیر : اشعار میں ایسے الفاظ استعمال کر جن کے معنی ا ی   دوسرے کے ساتھ سوائے نسبتِ تضاد کچھ منا ٰ ت ر   ت ہوں جیسے چمن کے ذکر کے ساتھ گُل‘ بُلبُل‘ ٰ غبان‘ سرو‘ قُمری‘ بہار‘ اور اں وغیرہ کا ذکر سمندر ی دری کے ذکر کے ساتھ ساحل‘ کشتی‘ طوفان وغیرہ کا ذکر۔ مثلاً راقم الحروف کے یہ دو شعر دیکھئے ؎

پُر عزم ہوں منت کشِ ساحل نہیں ہو ت

کشتی مری طوفان کی موجوں پہ رواں ہے
کا ں کی اشوں سے ہے پھولوں کی رِدا چاک
پلکیں ہیں بہاروں کی چمن زار میں نمناک

صنعتِ طباق: اَ کلام میں ایسے الفاظ لائے جا جن کے معنی ای دوسرے کی ضد یا تقابل ہوں جیسے سفید اور سیاہ ا ھیرا اور اُجالا تخری . اور تعمیر تو اِس صنعت کو صنعتِ طباق یا صنعتِ تضاد کہتے ہیں۔ مثال کے طور پر درج ذیل اشعار حظہ فرما ے

اِبتدا میں جو مضطرب کر دے
اُس محبت کی اِنتہا کیا ہے
آرزوئے عشق سے پیاسا کوئی صحرا نہیں
حُسن کی موجوں سے گہرا کوئی بھی دریا نہیں
سو گئے سورج اَ ھیروں سے لپٹ کر اے سحر
اب اُجالوں کا ا ھیرا رہنما ہے کیا کریں

تجنیس یا صنعتِ ضِلع: عربی اور فارسی ز ن کے شعراء اِسے صنعتِ تجنیس اور اردو شعراء اِسے صنعتِ ضلع کہتے ہیں۔

صنعتِ تجنیس سے مراد کلام میں ایسے الفاظ لا ہے جو تلفظ اور ا کے لحاظ سے آپس میں مشابہت ر تے ہوں لیکن ان کے معنی میں اختلاف ہو مثلاً ے

اِس قدر ز سے ہوا ہوں تنگ
ہو یَ ہے پلنگ مثلِ پلنگ

پلنگ دونوں جگہ اسم ہے اور معنی الگ الگ ہیں ۔ پلنگ فارسی میں چیتے کو کہتے ہیں اور ہندی میں ڑی چار پائی کو دوسری مثال:۔

شانے سے بل نکال دیئے زُلفِ یار کے

اِک مار ہم نے زی کیا مار مار کے

اِس شعر میں ای مار فعل امر کا صیغہ ہے اور دوسرے مار کا مطلب ہے سانپ ۔صنعتِ تجنیس کی متعدد قسمیں ہیں جن کا ذکر ذیل میں کیا جات ہے۔

تجنیسِ م، تجنیسِ مر ، تجنیسِ مرفوء، تجنیسِ محرَّف، تجنیسِ قص وزائ تجنیسِ مُذَیَّل، تجنیس مضارع، تجنیسِ لاحق، تجنیسِ قلب، تجنیسِ مزدَوج اور تجنیسِ خطّی۔

صنعتِ توشیح: لغوی معنی گلے میں ہار ڈالنا ہیں۔لیکن اصطلاحِ شاعری میں اُسے صنعتِ توشیح کہتے ہیں جس میں حرفِ اوّل ی مصرعہءِ اولیٰ ی ہر دو مصرعوں کے پہلے حروف کو جمع کریں تو کسی کا م ی کی عبارت ظاہر ہو۔مثال کے طور پ یہ حظہ فرما جو شہزاد احمد کی وفات پ کہی گئی ۔

شہر علم و آگہی کا ار　مہربان و بے ری عالی وقار
ہر بے ب ہے اُس کے لئے　نم ہیں آنکھیں اور دل ہیں بے قرار
زادِ راہِ آگہی اُس کا کلام　اُس کے لفظوں سے حقیقت آشکار
اُٹھ ی محفل سے بے چون و پ اں　سُنی اُس نے صدائے کردگار
درد کو دل سے لگا کر سو ی　غمزدہ اِ کا غمگسار
آئنہ تھا وہ جمالِ ز کا　اُس کے جلوؤں سے تھا منظر خوشگوار
حُسنِ منزل اُس کے قدموں پ فدا　اُس کے نقشِ پ ء کے ذرّے زرنگار
موجِ بحرِ فلسفہ و نفسیات　جدّتِ اَفکار کا وتج کار
داغِ فُرقت دے ی کو سحر　کر ی شہزاد احمد اَ ر

اِس کے ہر شعر کے مصرع اولیٰ کا پہلا حرف لیا جائے تو شہزاد احمد م حاصل ہو ہے۔

صنعتِ قطارُ البعیر: یعنی مصرع اولیٰ کا آ ی لفظ مصرع نی کے شروع میں لا جیسے علامہ ذوقی کا یہ شعر:

اِس بحرِ حادثات کا پ نی تو دیکھ لیں
لیں گے اج موجہءِ طوفاں ا سے ہم

صنعتِ حُسنِ تعلیل: یعنی کسی چیز کی علت بیان کر‌ ‌ جو درحقیقت عِلّت نہ ہو۔ کبھی کسی چیز کی دو علتیں بھی بیان کی جاتی ہیں۔ مثال

ر‌ ‌ ضی داں اکیلے کیا زمیں پھرنے کے قائل ہیں
مری سَر گشتگی سے پ‌ ‌ خَ‌ ‌ داں بھی ہے چکر میں

صنعتِ لف ونشر: لف کے معنی لپیٹنا اور نشر کے معنی پھینکنا ہیں اصطلاحِ شاعری میں چند چیزوں کے بیان کو لف کہتے ہیں۔ اور نشر ایسی چند چیزوں کے بیان کو کہتے ہیں جو ان سے منا‌ ‌ ‌ ر‌ ‌ ہوں۔ مثلاً

ے رُخسار و قد وچشم کے ہیں عاشق زار
گُل ‌ا‌ ‌ سرو ‌ا‌ ‌ گسِ بیمار ‌ا

اِس صنعت کی دو قسمیں ہیں۔ ا۔لف ونشر مر‌ ‌ ۲۔لف ونشر غیر مر‌ ‌ ۔مر‌ ‌ یہ ہے کہ مناسبات دونوں مصرعوں میں ‌لتر‌ ‌ ہوں اور غیر مر‌ ‌ یہ ہے کہ مناسبات دونوں مصرعوں میں ‌ ‌ سے نہ ہوں۔ اَ‌ ‌ مناسبات صرف دو ہوں اور بے ‌ ‌ ہوں تو لف ونشر کی ای‌ ‌ تیسری معکوس صورت سامنے آتی ہے۔ جیسے میر کا یہ شعر۔ ے

ای‌ ‌ آگ ای‌ ‌ پ‌ ‌ نی
دی‌ ‌ ہ و دل عذاب ہیں دونوں

اِس شعر میں دل کو آگ اور دی‌ ‌ ہ یعنی آ‌ ‌ کو پ‌ ‌ نی کہا‌ ‌ ہے۔ پہلے مصرعے میں آگ پہلے اور پ‌ ‌ نی بعد میں ہے اِس لحاظ سے دوسرے مصرعے میں دل پہلے اور دی‌ ‌ ہ بعد میں آ‌ ‌ چاہئے لیکن ایسا نہیں اسے کہتے ہیں مناسبات کا ‌ ‌ سے نہ ہو‌ ‌ ۔ ہر معکوس لف ونشر غیر مر‌ ‌ ہے جبکہ ہر غیر مر‌ ‌ لف ونشر معکوس نہیں۔

صنعتِ تجر‌ ‌ ی: لُغت میں تجر‌ ‌ ی کے معنی پ‌ ‌ ک وصاف کر‌ ‌ ہیں لیکن اِصطلاحِ شاعری میں اُس صنعت کا مل کا‌ ‌ م ہے جس سے ای‌ ‌ اور صنعت پیدا ہو جائے مثال کے طور پ‌ ‌ ے

اشک جاری رات دن ہیں چشمِ یں سے مری
اِس قدر روی کہ اَشکوں سے گہر پیدا ہوئے

صنعتِ مبالغہ: لغوی معنی کسی کام میں بہت کوشش کرن اور اِصطلاح میں کسی کی حد سے زیدہ تعریف یمذمت کرن یایسی بت کرن جو ممکن آتی ہو مثال کے طور پ

سنبھل سکتا نہیں ہے سَر وَفورِ ناتوانی سے
اَ تکیئے سے اُٹھتا ہے تو آ رہتا ہے زانوں پ
میں نے وں سے چُھوا ریشمی رُخساروں کو
اُن پہ آ گی اشیں مجھے معلوم نہ تھا

مبالغہ حُسنِ فن ہے اور اِس کی بنیدتخیّل وتصوّر پ ہے۔ کلام میں وہ بت بیان کرن جو عام حالات میں مشاہدے میں نہیں آتی لیکن کسی قرینے سے ممکن آتی ہے مبالغہ ہے۔ تشبیہ واِستعارہ، کنایہ، مجازاور صنائع بدائع مبالغے کے ہتھیار ہیں۔

صنعتِ تفریق: دو چیزوں کا فرق بیان کرن مثلاً

قیس میں ہم میں فرق اتنا ہے
پیشوا وہ تھا رہنما ہم ہیں

صنعتِ توافق: کسی شعر کے دونوں مصرعوں یکسی قطعہ، ربعی یمسدس کے مصرعوں کو اِس طرح لان کہ جس مصرع کو چاہیں پہلا، دوسرا، تیسرا یچوتھا مصرع بنالیں اِس سے معنی مفہوم اور سلاست وروانی میں کوئی فرق نہ آئے مثلاً ای کا ای بند دیکھئے۔

روح کو مٹی کا پیکر کھا گی
نیکیاں جو تھیں تکبر کھا گی
میرے ب دری سمندر کھا گی

خواب سارے پیاس کا ڈر کھا ۔َ ۔ِ

صنعتِ جمع: کلام میں چند چیزوں کو جمع کرنا اور پھر ان ۔ کے لئے ای ۔ ہی قید، شرط، حکم لگان۔ اشعار دیکھئے

خوشی کی آرزو، غم بھی وفا بھی
سحر دامن میں تیرے کیا نہیں ہے
گلاب، چان، ستارے فری ۔ دیتے ہیں
تمام روپ تمہارے فری ۔ دیتے ہیں
کسی کے دل میں تمنّا کی ۰وَ کیا تیرے
حباب، موج، کنارے فری ۔ دیتے ہیں

صنعتِ موصل: کلام میں ایسے الفاظ لان کہ ہر لفظ کے حرف لکھنے میں ملے ہوئے ہوں مثلاً!

نہ سلیقہ مجھ میں کلیم کا نہ قرینہ تجھ میں خلیل کا
میں ہلاکِ جادوئے سامری تُو قتیلِ شیوہءِ آذری

صنعتِ تکرار: کلام میں ایسے الفاظ لان جن کی تکرار سے کلام میں حُسن وخوبی پیدا ہو جائے

چلتے ہو تو چمن کو چلئے سُنتے ہیں کہ بہاراں ہے
پت ہرے ہیں پھول کِھلے ہیں کم کم ۔ دو ۔ راں ہے
گلشن میں آگ لگ رہی تھی رنگِ گُل سے میر
بُلبُل پکاری دیکھ کے صا ۔ پَرے پَرے

صنعتِ ذوقافیتین: شعر میں دو ی زیدہ قافیے لائے جا تو یہ صنعتِ ذوقافیتین ہے۔

سونے والوں کو جگا دے شعر کے اعجاز سے
خِرمنِ ۔طل جلا دے شُعلہءِ آواز سے

پہلے مصرعے میں جگا اور اعجاز اور دوسرے مصرعے میں جلا اور آواز قافیے ہیں۔ ۔ے

خود بخود مُنہ سے نکل جاتی ہے ایسی لَے ہے یہ
شیشہءِ دل سے اُچھل جاتی ہے ایسی مَے ہے یہ

نکل اور اُچھل۔۔۔۔ مَے اور لَے دو دو قافیے ہیں۔

تشبیہہ

تشبیہہ کے لُغوی معنی ہیں کہ ا ی چیز کو دوسری چیز کے ما قرار دینا علمِ بیان کی روح سے تشبیہہ سے مراد ا ی چیز کو کسی مشترک صفت کی بنا پ کسی دوسری چیز کی ما قرار دینا اِس کے لئے ضروری ہے کہ وہ مشترک صفت دوسری چیز میں مسلّمہ طور پ ز ی دہ مکمل اور واضح صورت میں موجود ہو مثلاً اَ ہم دودھ کو شہد کی ما قرار دیں تو یہ دودھ کی شہد کے ساتھ تشبیہہ ہو گی یہاں مشترک صفت مٹھاس ہے جو دودھ کے مقابلے میں شہد میں ز ی دہ واضح اور مکمل صورت میں موجود ہے۔

ارکانِ تشبیہہ

الف۔ مشبّہ ب ۔مشبّہ بہ

ج۔ حرفِ شبہ د۔ وجہ شبہ ر۔ غرضِ شبہ

اقسامِ تشبیہہ

تشبیہہ کی اہم اقسام مندرجہ ذیل ہیں

(۱) تشبیہہ جمع (۲) تشبیہہ تسویہ

(۳) تشبیہہ اضمحار (۴) تشبیہہ قر ی

(۵) تشبیہہ بعید (۶) تشبیہہ مشروط

(۷) تشبیہہ تمثیل (۸) تشبیہہ غیر تمثیل

(۹) تشبیہہ مفصّل (۱۰) تشبیہہ مجمل

(۱۱) تشبیہ مقبول (۱۲) مشبیہہ مردود

(۱۳) تشبیہ مرسل (۱۴) تشبیہ مؤکّدہ

اِستعارہ

استعارہ کے لُغوی معنی کوئی چیز مستعار لینا ہے لیکن قواعد کی اصطلاح میں استعارہ سے مراد وہ لفظ ہے جو اپنے حقیقی معنوں کی بجائے مجازی معنوں میں استعمال ہو ایسی حالت میں کہ حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہو اور ایسا اشارہ بھی موجود ہو جس سے واضح ہو جائے کہ یہ لفظ حقیقی معنوں کی بجائے مجازی معنوں میں استعمال ہوا ہے مثلاً ذیل کے شعر میں شیر کا استعارہ حضرت امام حسینؑ کے لئے استعمال ہوا ہے ؎

کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے
رَن ایک طرف چرخِ کُہن کانپ رہا ہے

بحور کا بیان

عروض کا موجد خلیل بنِ احمد بصری ہے اُس نے پندرہ بحریں ایجاد کیں جن کے نام یہ ہیں۔ طویل، مدید، بسیط، کامل، وافر، ہزج، رجز، رمل، منسرح، مضارع، سریع، خفیف، مجتث، مُقتَضَب، متقارب اِس کے بعد چار بحریں ایجاد ہوئیں۔ ابوالحسن اَخفش نے بحرِ متدارک اور بحرِ جدید ایجاد کی مولانا یوسف نیشا پوری نے بحرِ قریب ایجاد کی اور بحرِ مشاکل کسی اور شخص نے وضع کی اِس طرح شاعری کی کل اُنیس مشہور بحریں ہیں۔ ان میں سات بحریں مفرد ہیں اور بارہ مرکب۔

مفرد بحریں

ا۔ بحرِ ہزج مثمن سالم: لُغوی معنی خوش آواز۔

ارکان۔ مفاعیلُن، مفاعیلُن، مفاعیلُن، مفاعیلُن۔ دو بارہ

زحافات کے عمل سے حاصل ہونے والے اوزان

بحرِ ہزج مثمن سالم محذوف الآ ٰ یِ مقصور الآ ٰ :

مفاعیلُن، مفاعیلُن، مفاعیلُن، فعولُن یِ مفاعیل دو۔ رہ

بحرِ ہزج مثمن اَبتر: مفاعیلُن، مفاعیلُن، مفاعیلُن فع دو۔ رہ

بحرِ ہزج مثمن مقبوض: مفاعلُن: مفاعلُن، مفاعلُن، مفاعلُن، دو۔ رہ

بحرِ ہزج مثمن اَشتر :فاعلن، مفاعیلن، فاعلن، مفاعیلن دو۔ رہ

بحرِ ہزج مثمن اَ ٰ ب مفعول: مفاعیلُن، مفعول، مفاعیلُن دو۔ رہ

بحرِ ہزج مثمن اَ ٰ ب مکفوف سالم الآ ٰ : مفعول، مفاعیل، مفاعیل، مفاعیلُن دو۔ رہ

بحرِ ہزج مثمن مکفوف محذوف الآ ٰ : مفاعیل، مفاعیل، مفاعیل فعولن دو۔ رہ

بحرِ ہزج مثمن اَ ٰ ب مکفوف محذوف الآ ٰ : مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن دو۔ رہ

بحرِ ہزج مثمن اَ ٰ م اشتر مکفوف مجبوب: مفعولن، فاعلن، مفاعیل فَعَل: دو۔ رہ

بحرِ ہزج مثمن اَ ٰ ب اہتم: مفعول، مفاعیلن، مفعول فعول :دو۔ رہ

بحرِ ہزج مثمن مقبوض سالم: مفاعلن، مفاعیلن، مفاعلن، مفاعیل۔ دو۔ رہ

بحرِ ہزج مسدس سالم: مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیلن دو۔ رہ

بحرِ ہزج مسدس مقبوض: مفاعلن، مفاعلن، مفاعلن: دو۔ رہ

بحرِ ہزج مسدس مقصور الآ ٰ : مفاعیلن، مفاعیلن، مفاعیل: دو۔ رہ

بحرِ ہزج مسدس محذوف الآ ٰ : مفاعیلن، مفاعیلن، فعولن: دو۔ رہ

بحرِ ہزج مسدس اَ ٰ ب مقبوض مسبغ: مفعول، مفاعلن، مفاعیلانَ دو۔ رہ

بحرِ ہزج مسدس اَ ٰ ب مقبوض: مفعول، مفاعلن، مفاعلن دو۔ رہ

بحرِ ہزج مسدس اَ ٰ ب سالم الآ ٰ : مفعول، مفاعلُن، مفاعیلُن: دو۔ رہ

بحرِ ہزج مسدس اخرب مکفوف مقصور: مفعول، مفاعیل، مفاعیل دو رہ

بحرِ ہزج مسدس اخرب مقبوض محذوف الآخر مفعول، مفاعلن، فعولن دو رہ

بحرِ ہزج مسدس اخرب مقبوض مقصور الآخر مفعول، مفاعلن، مفاعیل: دو رہ

بحرِ ہزج مسدس اخرم اشتر محذوف الآخر: مفعولن، فاعلن، فعولن دو رہ

بحرِ ہزج مسدس اخرم اشتر مقصور الآخر: مفعولن، فاعلن، مفاعیل دو رہ

بحرِ ہزج مسدس اشتر محذوف الآخر: فاعلن، فاعلن، فعولن دو رہ

بحرِ ہزج مسدس اشتر مقصور الآخر: فاعلن، فاعلن، مفاعیل: دو رہ

بحرِ ہزج مربع سالم: مفاعیلن، مفاعیلن: دو رہ

بحرِ ہزج مربع مقبوض: مفاعلن، مفاعلن دو رہ

بحرِ ہزج مربع اخرب: مفعول، مفاعیلن: دو رہ

۲۔ بحرِ رمل مثمن سالم: لُغوی معنی دوڑنا اور بوریا بُننا

اَرکان:۔ فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن دو رہ

زحافات کے عمل سے حاصل ہونے والے اوزان

رمل مثمن محذوف:۔ فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلن دو رہ

رمل مثمن مقصور:۔ فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلان دو رہ

رمل مثمن مخبون:۔ فِعلاتن، فعلاتن، فعلاتن، فعلاتن دو رہ

رمل مثمن مخبون مشعث مقصور:۔ فِعلاتن، فِعلاتن، فِعلاتن، فعلان (بسکونِ عین) دو رہ

رمل مثمن مخبون مقصور:۔ فعِلاتن، فعِلاتن، فعِلاتن، فعِلان (مکسور العین) دو رہ

رمل مثمن مخبون محذوف ومسکن:۔ فعلاتن، فعلاتن، فعلاتن، فعلن (بسکونِ عین) دو رہ

رمل مثمن مخبون محذوف:۔ فعِلاتن، فعِلاتن، فعِلاتن، فعِلُن (مکسورُالعین) دو. رہ

رمل مثمن مشکول:۔ فِعلاتُ، فاعلاتن، فِعلاتُ، فاعلاتن دو. رہ

رمل مسدس سالم:۔ فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلاتن دو. رہ

رمل مسدس مقصور:۔ فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلان دو. رہ

رمل مسدس محذوف:۔ فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلن دو. رہ

رمل مسدس مخبون:۔ فعلاتن، فعلاتن، فعلاتن دو. رہ

رمل مسدس مخبون محذوف:۔ فعلاتن، فعلاتن، فعلن، (بسکونِ عین) دو. رہ

رمل مسدس مخبون محذوف :۔ فعِلاتن، فعِلاتن، فعِلن (مکسورالعین) دو. رہ

رمل مسدس مخبون مقصور:۔ فعِلاتن، فعِلاتن، فعِلان (مکسورالعین) دو. رہ

رمل مسدس مخبون مشعث:۔ فعلاتن، فعلاتن، فعلان (بسکونِ عین) دو. رہ

رمل مربع سالم:۔ فاعلاتن، فاعلاتن دو. رہ

رمل مربع مشکول:۔ فعلاتُ، فاعلاتن دو. رہ

۳:۔ بحرِ ر. مثمن سالم

لُغوی معنی میدانِ. َ میں فخریہ طور پ اپنی اور اپنی قوم کی شجا ۃ وشرافت اور. ۃ ی کے اشعار پ ڑھنا علاوہ ازیں ر. کے معنی اضطراب اور عجلت بھی ہیں۔

ارکان:۔ مستفعلن، مستفعلن، مستفعلن، مستفعلن دو. رہ

زحافات کے عمل سے حاصل ہونے والے اوزان

ر. مثمن مطوی:۔ مفتعلن، مفتعلن، مفتعلن، مفتعلن دو. رہ

ر. مثمن مطوی مرفل: مفتعلاتن، مفتعلاتن، مفتعلاتن، مفتعلاتن دو. رہ

ر. مثمن مطوی مخبون: مفتعلن، مفاعلن، مفتعلن، مفاعلن دو. رہ

ر. مثمن مخبون مطوی: مفاعلن، مفتعلن، مفاعلن، مفتعلن دو.رہ

ر. مسدس سالم: مستفعلن، مستفعلن، مستفعلن دو.رہ

ر. مسدس مطوی: مفتعلن، مفتعلن، مفتعلن دو.رہ

ر. مربع سالم: مستفعلن، مستفعلن دو.رہ

ر. مربع مطوی مخبون: مفتعلن، مفاعلن دو.رہ

۴:۔ بحرِ کامل مثمن سالم

اِس کا.م اس لئے کامل رکھا َ ی ہے کہ یہ بحر جس طرح وضع کی گئی ہے ویسی کی ویسی استعمال ہوتی ہے۔

ارکان:۔ متفاعلن، متفاعلن، متفاعلن، متفاعلن دو.رہ

۵۔ بحرِ وافر مثمن سالم

اس کا.م وافر اس لئے ہے کہ اِس بحر میں بکثرت اشعار موزوں کئے گئے ہیں۔ یہ عربی ز.ن کے لئے مخصوص تھی لیکن فارسی اور اُردو کے لئے بھی مرغوبُ الطبع ہے۔

ارکان:۔ مفاعِلَتن، مفاعِلَتن، مفاعِلَتن، مفاعِلَتن دو.رہ

۶۔ بحرِ متقارب مثمن سالم

تقارب کے لُغوی معنی .ہم قری. ہو. ہیں۔ و. اور .. قری. قری. ہیں اِس لئے اس کا.م متقارب ہے۔

اَرکان:۔ فعولن، فعولن، فعولن، فعولن دو.رہ

زحافات کے عمل سے حاصل ہونے والے اوزان

متقارب مثمن محذوف الآ ٘ :۔ فعولن، فعولن، فعولن، فعل دو. رہ

متقارب مثمن مقصور الآ ٘ :۔ فعولن، فعولن، فعولن، فعول دو. رہ

متقارب مثمن اثلم سالم الآ ٘ :۔ فعلن، فعولن، فعلن، فعولن دو. رہ

متقارب مثمن اثلم :۔ فعلن، فعلن، فعلن، فعلن (بسکونِ عین) دو. رہ

متقارب مثمن ا ٘ م سالم الآ ٘ :۔ فعل فعولن، فعل فعولن، فاع فعولن، فاع فعولن دو. رہ

متقارب مثمن مقبوض اثلم :۔ فعولُ، فعلن، فعولُ، فعلن دو. رہ

متقارب مسدس سالم :۔ فعولن، فعولن، فعولن دو. رہ

بحرِ متدارک مثمن سالم

لُغوی معنی ملنے والے یہ بحر خلیل بن احمد کے بعد اخفش نے وضع کی۔

ارکان :۔ فاعلن، فاعلن، فاعلن، فاعلن دو. رہ

زحافات کے عمل سے حاصل ہونے والے اوزان

متدارک مثمن مذال :۔ فاعلان، فاعلن، فاعلن، فاعلن دو. رہ

متدارک مثمن محذوذ :۔ فاعلن، فاعلن، فاعلن، فع دو. رہ

متدارک مثمن مخبون :۔ فعِلُن، فعِلُن، فعِلُن، فعِلُن (مکسور العین) دو. رہ

متدارک مثمن مقطوع :۔ فعلن، فعلن، فعلن، فعلن (بسکونِ عین) دو. رہ

متدارک مثمن مخبون مسکن محذوذ : فعلن، فعلن، فعلن، فع دو. رہ

متدارک مسدس مخلع :۔ فاعلن، فاعلن، فعِل دو. رہ

مر . بحور کا بیان

ا۔ بحرِ منسرح مثمن :۔ اِس کے لُغوی معنی ہیں آسان

ارکان :۔ مستفعِلُن، مفعولات، مستفعِلُن، مفعولات دو رہ

زحافات کے عمل سے حاصل ہونے والے اوزان

بحرِ منسرح مثمن مطوی موقوف۔ مفتعلن، فاعلات، مفتعلن، فاعلات دو رہ

بحرِ منسرح مثمن مطوی مکسوف:۔ مفتعلن، فاعلن، مفتعلن، فاعلن دو رہ

بحرِ منسرح مثمن مطوی منحور:۔ مفتعلن، فاعلات، مفتعلن، فع دو رہ

بحرِ منسرح مثمن مطوی مجدوع:۔ مفتعلن، فاعلات، مفتعلن، فاع دو رہ

بحرِ منسرح مسدس مطوی مقطوع مفتعلن، فاعلات، مفتعلُن دو رہ

۲۔ بحرِ مُقتَضِب مثمن سالم

لُغوی معنی ای چیز سے نکلا ہوا اور کاٹ ہوا یہ بحر بحرِ منسرح سے وضع کی گئی ہے۔

ارکان:۔ مفعولات، مستفعلن، مفعولات، مستفعلن دو رہ

زحافات کے عمل سے حاصل ہونے والے اوزان

بحرِ مُقتَضِب مثمن مطوی:۔ فاعلاتُ، مفتعلن، فاعلاتُ، مفتعلن دو رہ

بحرِ مُقتَضِب مثمن مطوی مقطوع فاعلاتُ، مفعولن، فاعلاتُ، مفعولن دو رہ

۳۔ بحرِ مضارع مثمن

لُغوی معنی مشابہ ہیں یہ بحرِ منسرح اور بحرِ ہزج سے مشابہ ہے۔ اِس لئے اِس کا نام مضارع ہے۔

ارکان:۔ مفاعیلن، فاع لاتن، مفاعیلن، فاع لاتن دو رہ

زحافات کے عمل سے حاصل ہونے والے اوزان

بحر مضارع مثمن ا ب:۔ مفعول، فاع لاتن، مفعول، فاع لاتن دو.ره

بحر مضارع مثمن ا ب محذوف: مفعول، فاع لاتن، مفعول، فاع لُن دو.ره

بحر مضارع مثمن مکفوف مقصور: مفاعیل، فاع لات، مفاعیل، فاع لان دو.ره

بحر مضارع مثمن ا ب مکفوف: مفعول، فاعلات، مفاعیل، فاع لاتن دو.ره

بحر مضارع مثمن ا. ب مکفوف مقصور: مفعول، فاع لات، مفاعیل، فاع لان دو.ره

بحر مضارع مثمن ا ب مکفوف محذوف: مفعول فاع لات، مفاعیل فاعِلن دو.ره

مضارع مسدس ا ب مکفوف سالم الآ : مفعولُ، مفاعیل، فاع لاتن دو.ره

مضارع مسدس ا ب مکفوف سالم الآ بہ طرز د :مفعول، فاع لات، مفاعیلن دو.ره

مضارع مسدس ا ب مکفوف مقصور: مفعول مفاعیل، فاع لان دو.ره

مضارع مسدس ا ب مکفوف محذوف: مفعول، فاع لاتُ فعولن دو.ره

مضارع مسدس ا ب مکفوف مقصور :۔ :مفعول، فاع لات، مفاعیل دو.ره

۴۔ بحرِ مُجتث مثمن

اِجتثاث کے لُغوی معنی جڑ سے اُکھاڑ ۔ یہ بحرِ خفیف سے نکالی گئی ہے۔

ارکان:۔ مس تفع لُن، فاعلاتن، مس تفع لُن، فاعلاتن دو.ره

زحافات کے عمل سے حاصل ہونے والے اوزان

بحرِ مجتث مثمن مخبون:۔ مفاعلن، فعِلاتن، مفاعلن، فعِلاتن (مکسورُالعین) دو.ره

بحرِ مجتث مثمن مخبون مقصور:۔ مفاعلن، فعِلاتن، مفاعلن فعِلان (مکسورُالعین) دو.ره

بحرِ مجتث مثمن مخبون محذوف:۔ مفاعلن، فعِلاتن، مفاعلن فعِلن (مکسورُالعین) دو.ره

بحرِ مجتث مثمن مخبون محذوف مسکن: مفاعلن، فعلاتن، مفاعلن، فعلن (بسکونِ عین) دو.ره

بحر مجتث مثمن مخبون مسکن مقصور: مفاعلن، فعلاتن، مفاعلن، فعلان (بسکونِ عین) دو۔ رہ

بحرِ مجتث مثمن مشعث مخبون محذوف یہ مسکن مقصور: مفاعلن، مفعولن، مفاعلن، فعلن (بسکونِ عین) دو۔ رہ

۵۔ بحرِ طویل

اِس بحر کا نام طویل اس لئے رکھا گیا ہے کہ اس سے پہلے عروضیوں نے کوئی اتنی لمبی بحر اختراع نہیں کی تھی۔ یہ بحر بھی عربی شاعری کے لئے مخصوص ہے۔

ارکان:۔ فعولن، مفاعیلن، فعولن، مفاعیلن دو۔ رہ

۶۔ بحرِ مدید مثمن

لُغوی معنی دراز اور کھینچے ہوئے ہیں۔

ارکان:۔ فاعلاتُن، فاعلُن، فاعلاتُن، فاعلُن دو۔ رہ

۷۔ بحرِ بسیط مثمن

لُغوی معنی بچھے ہوئے یہ بحر بھی عربی شاعری کے لئے مخصوص ہے۔

ارکان:۔ مُستفعلن، فاعلُن، مُستفعلُن، فاعلُن دو۔ رہ

۸۔ بحرِ سریع مسدس

اِس کے معنی جلدی کرنے والا تیز وغیرہ کے ہیں۔

ارکان:۔ مُستفعلُن، مفعولات، مُستفعلُن، مفعولات دو۔ رہ

زحافات کے عمل سے حاصل ہونے والے اوزان

سریع مسدس مطوی مکسوف:۔ مُفتعلن، مُفتعلُن، فاعلُن دو۔ رہ

سریع مسدس مطوی موقوف:۔ مُفتعلن، مُفتعلُن ، فاعلان دو.ره

سریع مسدس مطوی مقطوع مجدوع:۔ مُفتعلن، مفعولُن، فاع دو.ره

سریع مسدس مقطوع منحور:۔ مُفتعلن، مفعولُن، فع دو.ره

سریع مسدس مخبون مکسوف:۔ مُستفعلُن، مُستفعلُن، فعولُن دو.ره

۹۔بحرِ خفیف مسدس

لُغوی معنی ہلکا ہیں ۔اِس کے تمام ارکان ہلکے ہیں۔

ارکان:۔ فاعلاتُن، مُستفع لُن، فاعلاتُن دو.ره

زحافات کے عمل سے حاصل ہونے والے اوزان

بحرِ خفیف مسدس مخبون:۔ فعلاتن، مفاعلن، فعلاتن دو.ره

بحرِ خفیف مسدس مخبون مسبغ:۔ فاعلاتن، مفاعلن فعلیّان (بیائے مشدّد) دو.ره

بحرِ خفیف مسدس مخبون مقصور:۔ فعِلاتن، مفاعلن، فعِلان (بکسرِ عین) دو.ره

بحرِ خفیف مسدس مخبون محذوف:۔ فعِلاتن، مفاعلن،فعِلُن (مکسورُالعین) دو.ره

بحرِ خفیف مسدس مخبون محذوف مسکن:۔ فعلاتن، مفاعلن، فعلن (بسکونِ عین) دو.ره

بحرِ خفیف مسدس مخبون مسکن مقصور:۔ فاعلاتن، مفاعلن،فعلان (بسکونِ عین) دو.ره

۱۰۔بحرِ . یـ مسدس

یہ بحر خلیل ابنِ احمد کے بہت بعد میں اختراع کی گئی اِس لئے اس کا ۰م . یـ ہی رکھ دیـَ یـ۔

ارکان:۔ فاعلاتُن، فاعلاتُن، مُستَفع لُن دو.ره

زحافات کے عمل سے حاصل ہونے والے اوزان

. یہ مسدس سالم:۔ فاعلاتن، فاعلاتن، مس تفع لُن دو.رہ

. یہ مسدس مخبون:۔ فعلاتن، فعلاتن، مفاعلن دو.رہ

۱۱۔بحرِ قری . مسدس

چو اِس کے ارکان بحرِ مضارع اور بحرِ ہزج کے قری . قری . ہیں اِس لئے اس کا م قری . رکھ دی َ یہ۔

ارکان:۔ مفاعیلن، مفاعیلن، فاع لاتُن دو.رہ

زحافات کے عمل سے حاصل ہونے والے اوزان

بحرِ قری . مسدس مکفوف:۔ مفاعیلُ، مفاعیلُ، فاع لاتُن دو.رہ

بحرِ قری . مسدس مکفوف محذوف یہ مقصور:۔ مفاعیلُ، مفاعیلُ، فاعلُن یہ فاعلان دو.رہ

بحرِ قری . مسدس ا ب مکفوف:۔ مفعولُ، مفاعیلُ، فاع لاتُن دو.رہ

بحرِ قری . مسدس ا ب مکفوف مقصور:۔ مفعولُ، مفاعیلُ، فاع لاتُن دو.رہ

بحرِ قری . مسدس ا م ا ب:۔ مفعولُن، مفعولُ، فاع لاتُن دو.رہ

بحرِ قری . مسدس ا ب مکفوف محذوف:۔ مفعولُ، مفاعیلُ، فاع لُن دو.رہ

بحرِ قری . مسدس ا ب ا م:۔ مفعولُ، مفعولُن، فاع لاتُن دو.رہ

۱۲۔بحرِ مشاکل مسدس

لُغوی معنی ہم شکل اور ما ہیں یہ بحرِ قری . کی ہم شکل ہے معمولی سا فرق ہے۔

ارکان:۔ فاع لاتُن، مفاعیلُن، مفاعیلُن دو.رہ

زحافات کے عمل سے حاصل ہونے والے اوزان

بحرِ مشاکل مسدس مکفوف مقصور:۔ فاع لاتُ، مفاعیلُ، مفاعیلُن دو.رہ

مشاکل مثمن مکفوف مقصور:۔ فاع لاتُ، مفاعیل،فاع لاتُ، مفاعیل دو.رہ

☆☆☆☆☆

اوزان و بحور مثنوی

اَقسام میں مثنوی کا ذکر پہلے آچکا ہے لیکن مثنوی چو خاص بحور واوزان کے ساتھ مخصوص ہے اور ان بحور و اوزان کے علاوہ د اوزان میں مثنوی لکھنا طریقِ اسا ہ متقدمین کے خلاف ہے اِس لئے اُن ارکان و بحور کا علیٰحدہ لکھ دینا ضروری ہے۔مثنوی کے مندرجہ ذیل سات اوزان مخصوص ہیں۔

ا۔بحرِ متقارب مثمن محذوف الآ / مقصورُ الآ :۔ فعولُن،فعولُن، فعولُن، فعل یِ فعول دو.رہ

۲۔بحرِ ہزج مسدس محذوف الآ / مقصورُ الآ مفاعیلُن، مفاعیلُن،مفاعیلُن،فعولُن یِ مفاعیل دو.رہ

۳۔بحرِ ہزج مسدس ا ب مقبوض محذوف الآ / مقصورُ الآ : مفعول،مفاعلُن، فعولُن یِ مفاعیل دو.رہ

۴۔بحرِ خفیف مسدس مخبون محذوف الآ / مقصورُ الآ : فاعلاتُن،مفاعلُن، فعلُن یِ فعلان دو.رہ

۵۔بحرِ رمل مسدس محذوف الآ / مقصورُ الآ :۔ فاعلاتن، فاعلاتن، فاعلُن یِ فاعلان دو.رہ

۶۔بحرِ رمل مسدس مخبون محذوف الآ / مقصورُ الآ :۔ فعلاتن، فعلاتن، فعلن یِ فعلان دو.رہ

۷۔بحرِ سریع مسدس محذوف الآ / مقصورُ الآ : مُفتعلن، مُفتعلن، فاعلن یِ فاعلان دو.رہ

ر.عی کے اوزان

ر.عی کا ذکر اَصنافِ سخن میں تفصیل سے ہو چکا ہے یہاں اس کے اوزان کی.ت ہوگی اس کیلئے چوبیس اوزان مخصوص ہیں.رہ ا بُ الصدّ روالابتدا اور.رہ ا مُ الصدّ روالابتدا۔

اسا ہ ءِ قدیم نے ر.عی کے چاروں مصرعے ا وزن میں بھی کہے ہیں اور دو دو تین تین اوزان میں بھی یہاں یہ.ت قابلِ توجہ ہے کہ د اصنافِ سخن میں تو یہ حضرات ا وزن کے ساتھ دوسرے شعر یِ مصرعے میں دوسرا وزن.دا یِ نہیں کرتے بلکہ اس کو عیبِ تحریِ کا م دے کر شدیِ مخالفت کرتے ہیں لیکن ر.عی میں اِس کو کمالِ فنَ دا ہیں۔اصول بہر طور اصول ہے ا عیب کہیں عیب ہے اور

کہیں حُسن یہ تو کوئی اصول نہ ہوا اِس لئے میرے خیال میں ر. عی کے چاروں مصرعے ای   ہی وزن میں ہوں تو بہتر ہے۔

ا بُ الصدّ روالابتدا کے رہ اوزان

(۱) مفعول مفاعَلُن مفاعیلُن فاع

(۲) مفعول مفاعیل مفاعیلُن فاع

(۳) مفعول مفاعیل مفاعیلُن فَعَل

(۴) مفعول مفاعیلُن فعولن فاع

(۵) مفعول مفاعَلُن مفاعیلن فع

(۶) مفعول مفاعیل مفاعیلن فع

(۷) مفعول مفاعیلن مفعول فعول

(۸) مفعول مفاعیلن مفعولن فع

(۹) مفعول مفاعیلُن مفعول فَعَل

(۱۰) مفعول مفاعیل مفاعیل فعول

(۱۱) مفعول مفاعلن مفاعیل فعول

(۱۲) مفعول مفاعلن مفاعیل فعل

ا مُ الصدّ روالابتدا کے رہ اوزان

(۱) مفعولُن فاعِلُن مفاعیلُن فاع

(۲) مفعولُن مفعول مفاعیلُن فاع

(۳) مفعولُن فاعِلُن مفاعیل فَعَل

(۴) مفعولُن مفعولُن مفعولُن فاع

(۵) مفعولُن مفعولُن مفعولُن فع

(۶)	مفعولُن	فاعِلُن	مفاعیلُن	فع
(۷)	مفعولُن	مفعول	مفاعیل	فعول
(۸)	مفعولُن	مفعول	مفاعیلُن	فع
(۹)	مفعولُن	مفعولُن	مفعول	فَعَل
(۱۰)	مفعولُن	مفعول	مفاعیل	فَعَل
(۱۱)	مفعولُن	فاعِلُن	مفاعیل	فعول
(۱۲)	مفعولُن	مفعولُن	مفعول	فعول

تقطیع میں ساقط ہونے والے حروف

تقطیع میں وزن کی بنیاد حروفِ ملفوظی پر ہے مکتوبی پر نہیں یعنی جو حروف بولنے میں آتے ہیں وہ تقطیع میں شمار کئے جاتے ہیں اور جو بولنے میں نہیں آتے بلکہ صرف لکھنے میں آتے ہیں وہ تقطیع میں شمار نہیں ہوتے مثلاً شعر میں بعض ایسے حروف بھی آتے ہیں جیسے خواب اس میں مکتوبی حروف چار ہیں لیکن معدولہ بولنے میں نہیں آتا اِس لئے تقطیع میں واؤ محسوب نہیں ہوگا تقطیع کرتے وقت خواب کو خاب لکھا جائے اسی طرح لفظ بالکل میں الف مکتوبی شمار نہیں ہوگا۔ تقطیع کے وقت بلکل لکھا جائے گا۔

لفظ فی الواقع یا فی الفور میں حرف ''ی'' اور ''الف'' تقطیع میں نہیں آتے بلکہ فلواقع اور فلفور لکھ کر تقطیع کریں گے فلواقع کے مقابل رُکن فعولُن اور فلفور کے مقابل رُکن فعول لایا جائے گا۔ اِسی طرح الف حرفِ وصل کے سقوط کا قاعدہ یہ ہے کہ یہ حرف ہمیشہ متحرک ہوتا ہے اور جب یہ ساقط ہوتا ہے اپنی حرکت اپنے سے پہلے حرف ساکن کو دے دیتا ہے۔

علاوہ ازیں فنِ شاعری کی ضرورتوں سے مجبور ہو کر شعرائے اردو نے بعض حروف کا سقوط جائز قرار دے دیا ہے یعنی بعض حروف جو مکتوبی بھی ہیں اور ملفوظی بھی انہیں جبراً غیر ملفوظی بنا لیا ہے اور انہیں تقطیع کرتے وقت تلفظ میں ادا نہیں کرتے۔ یہ اصولِ سقوط اِسی حالت میں درست مانا جائے گا جب حروف کتابت میں تو آئیں لیکن تلفظ میں اپنی پوری آواز نہ دیتے ہوں مثلاً ہندی الفاظ کی ''ی'' کا سقوط شعرائے اردو کے

یہاں جائ ہے بشرطِ کہ نقصِ روانی پیدا نہ ہو۔لیکن عربی عبرانی اور فارسی کی یےُ معروف کا ساقط کر عروضیوں کے د ی جائ ہے فُصَحَا بھی حروفِ علت کا بے محل سقوط جائ قرار دیتے ہیں۔ پیار کو . وزن "پ ر" کیاری کو. وزن "کاری" لکھنا چاہئے لیکن پیالہ کو. وزن "پ لا" نہیں لکھ ت۔تشدی والا حرف مشدّد کہلا ہے اس کا تلفظ دو دفعہ ادا کیا جائے گا جیسے تبسّم' تنّم' منوّر' اور اللہ میں س۔ن۔و ۔ اور اللہ کا لام کتا. ت میں تو ای مرتبہ لکھا جا ہے پ ڑھا دو مرتبہ جا ہے اِس لئے تقطیع کرتے وقت مشدّ د حرف دو دفعہ شمار کیا جائے گا۔الف ممدودہ بھی ای کی بجائے دو حرف شمار ہو ہے۔اور بعض الفاظ میں واوٗ پ ای ہمزہ لکھتے ہیں جیسے ماؤف' رؤف'وغیرہ کے واوٗ پ ہمزہ آ ہے اِس کو بھی تقطیع میں ای حرف شمار کیا جائے گا۔لیکن ہندی الفاظ کے واوٗ پ جو ہمزہ آ ہے اسے ساقط کر دیتے ہیں۔جیسے الاؤ' ؤ' گھاؤ' داؤ' بناؤ وغیرہ کے واوٗ کا ہمزہ۔

اِسی طرح فارسی کی اضافت یعنی ز کو اِس قدر کھینچ کر پ ڑھا جائے کہ اِس سے ای حرف "ی" پیدا ہو جائے مثلاً نگارِز میں "ر" کے نیچے ز کو ای حرف شمار کیا جائے گا۔اَ یہ صورتِ حال نہ ہو تو اضافت تقطیع میں شمار نہیں ہوگی۔

تنوین جو آ کلمات میں آتی ہو دوسرا حرف قرار دی جاتی ہے اور "ن" ساکن کا کام دیتی ہے۔جیسے دفعتاً فوراً وغیرہ اِسی طرح ہمزہ اضافت بھی تقطیع میں ای حرف شمار کیا جا ہے۔جیسے بندہءِ ا ' سجدہءِ شکر میں آنے والا ہمزہ۔

☆☆☆☆☆

کتابیات

ا۔اردو قواعد (ڈاکٹر شو   سبزواری)

۲۔اردو اِ (رشید حسن خان)

۳۔بحر الفصا   (نجم الغنی)

۴۔فرہنگِ عامرہ (محمد عبداللہ خان خویشگی)

اردو قواعد (احسان دانش)

۵۔فنِ شاعری عرف میزان العروض (چوہدری محمد شریفؔ شوخ لاہوری)

۶۔ جِ فصا   وبلا   (خورشید حسین بخاری۔ایم اے)

۷۔فنِ شعر (عزیز لودھیانوی)

۸۔مقدمہءِ شعر و شاعری (حالی)

۹۔منشورات (ابوخالد)

۱۰۔تقویم القواعد اردو (مولوی امام الدین منشی فاضل)

۱۱۔شعری اصطلاحات (انور جمال)

۱۲۔ہمارے محاورے (ڈاکٹر سیفی)

۱۳۔لُغاتِ ار . (ڈاکٹر اسدار .)

۱۴۔تسنیمِ فصا   والعروض (علامہ ذوقی مظفر نگری)

۱۵۔اظہرُ اللُّغات (.) (ایم۔اے۔بھٹّی)

۱۶۔پنجند۔کوم (جاوید صادق)

۱۷۔نکاتِ سخن (حسرت موہانی)